# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Friday, the 10th October, 2025 at 11.00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**QUESTIONS**

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**3.** **SYED NAVEED QAMAR**, **DR. SHARMILA FARUQUI**, **MR. RAMESH LAL**, **MS. NAZ BALOCH**, **SYED RAFIULLAH** to invite attention of the Minister for Defence, to a matter of urgent public importance regarding frequent and sudden cancellations of domestic flights which are causing serious economic losses, disrupting travel plans, causing grave concern amongst the public.

**INTRODUCTION OF BILLS**

**4.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to introduce a Bill further to amend the West Pakistan Motor Vehicles Taxation Act, 1958 [The West Pakistan Motor Vehicle Taxation (Amendment) Bill, 2025].

**5.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to introduce a Bill further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 [The Islamabad Capital Territory Local Government (Second Amendment) Bill, 2025].

**RESOLUTIONS**

**6.** **SENATOR MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue, to move the following Resolution:-

"That the National Assembly resolves to extend the Virtual Assets Ordinance, 2025 (VII of 2025) for a further period of one hundred and twenty days w.e.f. 5th November, 2025 under proviso to sub-paragraph (ii) of paragraph (a) of clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan".

**7.** **SENATOR SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control, to move the following Resolution:-

"That the National Assembly resolves to extend the Frontier Constabulary (Re-organization) Ordinance, 2025 (VIII of 2025) for a further period of one hundred and twenty days w.e.f. 10th November, 2025 under proviso to sub-paragraph (ii) of paragraph (a) of clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan".

**MOTION OF THANKS**

**8.** **Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12th March, 2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**9.** **MS. ALIYA KAMRAN**, **MOULANA ABDUL GHAFOOR HAIDERI**, **MS. NAEEMA KISHWER KHAN** to invite attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination to a matter of urgent public importance regarding exorbitant charges under various heads in private hospitals and laboratories in Islamabad, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**9th October, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

### برائے اجلاس قومی اسمبلی جو جمعہ، ۱۰/اکتوبر، ۲۰۲۵ء صبح گیارہ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **سید نوید قمر** **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** **جناب رمیش لال** **محترمہ ناز بلوچ**

**سید رفیع اللہ** وزیر برائے دفاع کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو شدید معاشی نقصانات اور سفری منصوبوں کے متاثر ہونے کا موجب بننے والی اندرون ملک پروازوں کی بار بار اور اچانک منسوخی سے متعلق ہے۔

## بلوں کا پیش کرنا

۴۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات مغربی پاکستان محصول موٹر گاڑیاں ایکٹ، ۱۹۵۸ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [مغربی پاکستان محصول موٹر گاڑیاں (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

۵۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات علاقہ دارالحکومت، اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت، اسلام آباد مقامی حکومت (دوسری ترمیم) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

## قراردادیں

۶۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب**، وزیر برائے خزانہ و محاصل حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

''کہ قومی اسمبلی ورچوئل اثاثہ جات آرڈیننس، ۲۰۲۵ء (نمبر ۷ بابت ۲۰۲۵ء) میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کے پیرا (الف) کے ذیلی پیرا (دوم) کے جملہ شرطیہ کے تحت ۵ نومبر، ۲۰۲۵ء سے مزید ایک سو بیس دن کی توسیع کا فیصلہ کرتی ہے''۔

۷۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

''کہ قومی اسمبلی فرنٹیئر کانسٹیبلری (تنظیم نو) آرڈیننس، ۲۰۲۵ء (نمبر ۸ بابت ۲۰۲۵ء) میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کے پیرا (الف) کے ذیلی پیرا (دوم) کے جملہ شرطیہ کے تحت ۱۰ نومبر، ۲۰۲۵ء سے مزید ایک سو بیس دن کی توسیع کا فیصلہ کرتی ہے''۔

## تحریک تشکر

۸۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## توجہ دلاؤ نوٹس

۹۔ **محترمہ عالیہ کامران** **مولانا عبدالغفور حیدری** **محترمہ نعیمہ کشور خان**

وزیر برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو اسلام آباد کے نجی ہسپتالوں اور لیبارٹریوں میں مختلف مدات کے تحت ہوشربا چارجز سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۹/اکتوبر، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**